**Regional Language - Urdu**

**درخواست دینے کا طریقہ (آن لائن درخواست کا طریقۂ کار) - اردو**

**مرحلہ وار طریقہ:**

1. **آدھار کے ساتھ منسلک موبائل نمبر:**

یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا تازہ ترین موبائل نمبر آپ کے آدھار سے منسلک ہو، کیونکہ رجسٹریشن کے دوران او ٹی پی (OTP) کے ذریعہ اس کی تصدیق کی جائے گی۔

2. **آدھار میں تازہ ترین تصویر**

ای آدھار یا آف لائن آدھار ایکس ایم ایل (XML) ڈاؤن لوڈ کرنے سے پہلے آدھار میں اپنی تازہ ترین تصویر اپ ڈیٹ کریں۔ امیدوار کی درخواست منظور کرتے وقت رجسٹرار صارف کی طرف سے اس کی تصدیق کی جائے گی۔

3. **آف لائن آدھار ایکس ایم ایل (XML) فائل ڈاؤن لوڈ کریں۔**

https://myaadhaar.uidai.gov.in/offline-ekyc پر جائیں، اپنا آف لائن آدھار ایکس ایم ایل (XML) بنائیں، اور اپنی پسند کا شیئر کوڈ سیٹ کریں۔

4. **ایک نیا صارف بنائیں۔**

https://uidai.nseitexams.com/UIDAI/LoginAction_input.action پر جائیں، اپنی آف لائن آدھار ایکس ایم ایل (XML) فائل اپ لوڈ کریں، شیئر کوڈ اور (آدھار کے مطابق) موبائل نمبر درج کریں، اور رجسٹریشن مکمل کریں۔

5. **او ٹی پی (OPT) کی تصدیق اور رضامندی**

کامیابی کے ساتھ آدھار اور موبائل کی تصدیق کے بعد، آپ کے موبائل نمبر پر ایک او ٹی پی ( O P T ) بھیجا جائے گا۔ امتحان کے مقاصد کے لیے اپنے آدھار ڈیٹا کو استعمال کرنے کی رضامندی فراہم کرنے کے لیے او ٹی پی ( O P T ) درج کریں۔

**6. رجسٹریشن کی تفصیلات حاصل کریں۔**

رجسٹریشن آئی ڈی اور ڈیفالٹ پاس ورڈ آپ کے رجسٹرڈ موبائل نمبر اور ای میل پر بھیج دیا جائے گا۔ پہلی بار لاگ ان کرنے کے بعد پاس ورڈ تبدیل کریں اور مستقبل کے استعمال کے لیے اپنی تفصیلات کو محفوظ کریں۔

**7. درخواست فارم بھریں اور جمع کریں۔**

- اپنی رجسٹریشن آئی ڈی اور نئے پاس ورڈ کے ساتھ لاگ ان کریں۔
- آدھار کی پہلے سے بھری ہوئی تفصیلات کی تصدیق کریں۔
- یہ چیزیں درج کریں: تعلیمی تفصیلات، امتحان کی سطح، امتحان کی زبان، اندراج ایجنسی کوڈ، رجسٹرار کوڈ، ترجیحی امتحانی مرکز کی تفصیلات اور ایل ایم ایس ( L MS ) کی تفصیلات
- یہ چیزیں اپ لوڈ کریں: تعلیمی اور ایل ایم ایس ( L MS ) دستاویزات
- سوالنامہ سیکشن کو بھریں۔
- متعلقہ رجسٹرار کی طرف سے منظوری کے لیے درخواست جمع کریں۔

**8. رجسٹرار کی منظوری کی ٹائم لائن**

- درخواست 30 دنوں کے اندر منظور ہو جانی چاہیے، ورنہ وہ خود بخود مسترد ہو جائے گی۔
- اگر امیدوار کی درخواست ایک ہی رجسٹرار کی طرف سے تین بار مسترد کی جاتی ہے، تو امیدوار کو دوبارہ اس رجسٹرار کو منتخب کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**9. ادائیگی کریں۔**

منظوری کے بعد، امیدوار کو ادائیگی ٹیب کے ذریعے 30 دنوں کے اندر ادائیگی کرنی ہوگی۔ ایسا نہ کرنے پر درخواست خود بخود مسترد ہو جائے گی۔

### 10. ادائیگی کے طریقے:

- آن لائن: یو پی آئی (UPI)، کریڈٹ/ڈیبٹ کارڈ، نیٹ بینکنگ
- پہلے سے ادا شدہ: ان امیدواروں کے لیے جنہوں نے رجسٹرار/ای اے (EA) کے ذریعے آف لائن ادائیگی کی ہے۔

### 11. ادائیگی کی رسید ڈاؤن لوڈ کریں۔

ادائیگی کامیاب ہونے کے بعد، ادائیگی کی رسید کو ڈاؤن لوڈ کر کے محفوظ کر لیں۔

### 12. فرضی امتحان اور سلاٹ بکنگ

- ٹیسٹ انٹرفیس سے واقف ہونے کے لیے فرضی امتحان میں شرکت کریں۔
- سیٹ بکنگ کے صفحہ پر جائیں اور اپنا ٹیسٹ سینٹر اور امتحان کا سلاٹ منتخب کریں۔

### 13. امتحان کے سلاٹ کی درستگی

امتحان کی تاریخ کامیاب ادائیگی کی تاریخ سے 180 دنوں کے اندر مقرر کی جانی چاہیے۔ ایسا نہ کرنے پر درخواست خود بخود مسترد ہو جائے گی اور فیس ضبط کر لی جائے گی۔

### 14. درخواست خود بخود مسترد ہونے پر کیا کریں

درخواست خود بخود مسترد ہونے کی صورت میں، امیدوار کو دوبارہ درخواست دینی ہوگی، پھر سے منظوری حاصل کرنی ہوگی، اور نئی ادائیگی کرنی ہوگی۔

### 15. ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کریں۔

- کامیابی کے ساتھ سلاٹ بکنگ کے بعد، اپنا ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کریں جس میں درج ذیل معلومات ہوں گی:

- ٹیسٹ سینٹر کے مقام کی تفصیلات
- امتحان کی تاریخ اور وقت
- دیگر اہم ہدایات

**16. اگر ترجیحی مقام پر کوئی سلاٹ دستیاب نہیں ہے، تو درج ذیل نکات پر غور کریں:**

- کامیاب ادائیگی کے بعد 7 دن تک انتظار کریں۔

- اگر اب بھی سلاٹ دستیاب نہ ہوں تو uidai_admin@nseit.com پر ای میل کریں۔

- اگر مسئلہ حل نہ ہو تو یو آئی ڈی اے آئی (UIDAI) ہیڈکوارٹر کے ٹریننگ، ٹیسٹنگ اور سرٹیفیکیشن ڈویژن میں شکایت درج کرائیں۔

**17.** اگر کوئی امیدوار امتحان میں فیل ہو جاتا ہے یا غیر حاضر رہتا ہے، اور اس کی منظوری کی میعاد ختم ہو چکی ہے، تو اسے نیا درخواست فارم جمع کر کے دوبارہ درخواست دینی ہوگی۔

**نوٹ:** منظوری کی میعاد 30 دنوں کی ہوتی ہے جو رجسٹرار کی منظوری کی تاریخ سے شروع ہوتی ہے۔

**18.** امیدواروں کو رجسٹرار کی منظوری کے 30 دنوں کے اندر امتحان کے لیے حاضر ہونا ضروری ہے۔ اگر میعاد ختم ہونے تک امیدوار ناکام یا غیر حاضر رہتا ہے تو اسے ایک نئی درخواست جمع کرنی ہوگی۔

**19. ناکام اور غیر حاضر امیدواروں کے دوبارہ امتحان دینے کے قواعد**

- آدھی فیس کے ساتھ 3 بار دوبارہ امتحان دینے کی اجازت ہے۔

- 3 کوششوں کے بعد، مکمل فیس دوبارہ وصول کی جاتی ہے۔

- سرٹیفیکیشن کی ہر نئی کوشش کے لیے یہ دورانیہ دہرایا جاتا ہے۔

**20. رقم کی عدم واپسی کی پالیسی**

فیس ایک بار ادا کر دی گئی تو وہ ناقابل واپسی ہوگی۔ ادائیگی میں ناکامی کی صورت میں، اس ای میل پر رابطہ کریں:

uidai_admin@nseit.com

**.21 فیس کی میعاد**

سرٹیفیکیشن فیس ادائیگی کی تاریخ سے 180 دنوں تک کے لیے مجاز رہتی ہے۔

**.22 امتحان کے دن درکار دستاویزات**

.1 امیدواروں کے پاس ان دستاویزات کا ہونا ضروری ہے:

.2 ان کے ای-آدھار کی تازہ ترین کاپی (جو https://myaadhaar.uidai.gov.in/genricDownloadAadhaar/en سے ڈاؤن لوڈ کی گئی ہو) یا ایم آدھار (mAadhaar)/آدھار پی وی سی (PVC) یا تازہ ترین تصویر کے ساتھ آدھار لیٹر

.3 ایڈمٹ کارڈ جو پورٹل کے نیچے دکھایا گیا ہے۔

.4 **نوٹ:** تصویر میں عدم مماثلت یا ایڈمٹ کارڈ کی عدم دستیابی کی صورت میں امیدوار کو نااہل قرار دیا جائے گا۔

**.23 مدد**

"رجسٹریشن، درخواست فارم جمع کرانے، امتحان کی فیس، امتحانی مرکز/امتحان کے سلاٹ اور ٹیسٹنگ اور سرٹیفیکیشن کی درخواست سے متعلق کسی بھی سوال کے لیے امیدوار نیچے دئے گئے نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں:

**ٹیلی فون نمبر - 022-42706508**

**وقت** - (پیر تا ہفتہ، صبح 9:30 بجے سے شام 6:00 بجے تک)

**ای میل** - [uidai_admin@nseit.com](mailto:uidai_admin@nseit.com)

**یو آئی ڈی اے آئی (UIDAI) کی جانب سے مدد (سرٹیفیکیشن کے بعد)**

سرٹیفکیٹ میں □غیر فعال ہونے، نام/یو آئی ڈی (UID)/آدھار نمبر سے عدم مماثلت□ سے متعلق کسی بھی سوال کے لیے،

امیدوار نیچے دئے گئے نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں:

- ٹول فری: 080-23099400

**وقت: صبح 9:30 بجے سے شام 6:00 بجے تک (پیر سے ہفتہ)**

امیدوار اپنا سوال [techsupport@uidai.net.in](mailto:techsupport@uidai.net.in) پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔